AQF / Shabbir

24-12-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں .................................. محمد عمار

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

-------------------------------------------------------------

1 مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے بھارت مخالف تنظیموں اور نیٹ ورک کا پتہ لگانے کی خاطر دوست ملکوں کے ساتھ انٹیلیجنس تال میل کی حکمت عملی تیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

2- آج صارفین کا قومی دن منایا جا رہا ہے۔ مرکزی وزیر پرہلاد جوشی صارفین کے مفادات کے تحفظ کو بڑھاوا دینے کیلئے اہم اقدامات کا آغاز کریں گے۔

3- قومی راجدھانی میں کرتویہ پتھ پر 2025 کی یومِ جمہوریہ پریڈ کیلئے مختلف ریاستوں اور مرکز کے زیرِانتظام علاقوں کی پندرہ جھانکیوں کا انتخاب کیا گیا ہے۔

4- بنگلہ دیش نے بے دخل کی گئی وزیرِاعظم شیخ حسینہ کو بھارت سے حوالگی کا مطالبہ کیا ہے۔

5- بھوپال میں سینئر قومی نشانے بازی چیمپئن شپ میں Shahu Tushar Mane نے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

6- اور : دوحہ میں ایشیائی یوتھ اور جونیئر ویٹ لفٹنگ چیمپئن شپ میں بھارت کے سائی راج پردیسی نے سونے کا ایک اور چاندی کے دو تمغے حاصل کیے ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

AMIT SHAH

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے بھارت مخالف تنظیموں اور نیٹ ورک پتہ لگانے کی خاطر دوست ملکوں کے ساتھ انٹیلیجنس تال میل کی حکمت عملی تیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ نئی دلی میں انٹیلیجنس بیورو کا 37واں صد سالہ Endowment لیکچر دیتے ہوئے جناب امت شاہ نے کہا کہ اہم بنیادی ڈھانچے پر حملوں، سائبر حملوں، غلط جانکاری پھیلانے اور نوجوانوں کو شدت پسندی کے راستے پر ڈالنے جیسے چیلنجوں کے تناظر میں کوئی حل نکالنے کی خاطر روش سے ہٹ کر اندازِ فکر اختیار کرنے کی ضرورت ہے۔

جناب امت شاہ نے کہا کہ انٹیلیجنس بیورو کے کام کرنے کے طریقے، وجے لینس، مستعدی اور قربانی اور لگن کی روایت کی بدولت آج ہمارا ملک محفوظ ہے۔ جناب امت شاہ نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں سیکیورٹی ایجنسیوں نے گذشتہ پانچ سال میں ایک فیصلہ کُن لڑائی لڑ کر ملک کو لاحق مختلف خطرات پر عبور حاصل کیا ہے۔

وزیر داخلہ نے کہا کہ آنے والے دنوں میں انٹیلیجنس اور قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کو AI اور مشین Learning کے استعمال میں اضافہ کرنا چاہیے۔ جناب امت شاہ نے یہ بھی کہا کہ 2047 تک بھارت کو پوری طرح ترقی یافتہ ملک بنانے کی خاطر سکیورٹی ایجنسیوں کو سبھی ممکنہ خطرات کا سامنا کرنے کیلئے ملک کے دفاع کی خاطر ایک جامع نقشِ راہ تیار کرنا چاہیے۔ انھوں نے فرضی فون کالز اور فرضی Emails کے خلاف فوری اور فیصلہ کُن کارروائی کی ضرورت بھی اجاگر کی اور کہا کہ ملک کے دشمن اِن وسیلوں سے عوام میں ڈر اور خوف کا ماحول پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔x

**NATIONAL CONSUMER DAY**

آج صارفین کا قومی دن منایا جارہا ہے۔ یہ دن ملک میں صارفین کی اہمیت کو اُجاگر کرنے کیلئے 24 دسمبر کو منایا جاتا ہے۔ آج ہی کے دن صارفین کے تحفظ ایکٹ-1986 کو صدر جمہوریہ کی جانب سے منظوری حاصل ہوئی تھی اور اِسے نافذ کیا گیا تھا۔ اِس سال صارفین کے قومی دن کا موضوع ہے : 'صارفین کے انصاف کیلئے ورچوئل سماعت اور ڈیجیٹل رسائی'۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V-C Sumit

*صارفین کے امور، خوراک اور سرکاری نظامِ تقسیم کے وزیر پرہلاد جوشی، آج نئی دلّی میں صارفین کے قومی دن کے موقع پر مختلف اقدامات کا آغاز کریں گے۔ اِن اقدامات میں 'جاگو گراہک جاگو ایپ، جاگرِتی ایپ اور جاگرِتی ڈیش بورڈ شامل ہیں، جن کا مقصد ای-کامرس پلیٹ فارم پر کاروبار کے ناپسندیدہ طریقوں کی شناخت کرنا اور صارفین کو بااختیار بنانا ہے۔ جناب پرہلاد جوشی تجارت کیلئے لائسنسنگ، تصدیق اور اندراج کے عمل کو اصل دھارے میں لانے نیز ضابطوں پر عمل آوری کے بوجھ کو کم کرنے اور شفافیت کو فروغ دینے کیلئے ای-میپ پورٹل کا بھی آغاز کریں گے۔ صارفین کے امور کا محکمہ، صارفین کیلئے اضافہ شدہ قومی ہیلپ لائن پورٹل کی بھی شروعات کرے گا۔ اس پورٹل میں اضافی خصوصیات شامل کی گئی ہیں۔ آن لائن فروخت ہونے والے سامان کی حفاظت اور صارفین کے حقوق کا احترام کرنے کو یقینی بنانے کیلئے 13 اہم ای-کامرس پلیٹ فارم کے ذریعہ سیفٹی کے عہد پر بھی دستخط کیے جائیں گے۔ اس موقع پر گوہاٹی اور ممبئی میں قومی جانچ ہاؤس کے دو جدید ترین سہولتی مراکز کا بھی افتتاح کیا جائے گا۔*

*سومِت ساہا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......*

**REPUBLIC DAY- TABLEAUX**

وزارت دفاع نے کہا ہے کہ یوم جمہوریہ تقریبات RDC 2025 کی جھانکی کا موضوع 'Swarnim Bharat: وراثت اور وِکاس' ہوگا۔ وزارت نے مزید کہا کہ یوم جمہوریہ کی پریڈ کے دوران کرتویہ پتھ پر اپنی جھانکیاں پیش کرنے کیلئے 15 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کا انتخاب کیا گیا ہے۔

ان ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں آندھرا پردیش، بہار، چنڈی گڑھ، دادر و نگر حویلی، دمن اور دیو، گوا، گجرات، ہریانہ، جھارکھنڈ، کرناٹک اور دیگر شامل ہیں۔ اِس کے علاوہ یوم جمہوریہ کی تقریبات 2025 کیلئے مرکزی حکومت کی 11 وزارتوں اور محکموں کا بھی انتخاب کیا گیا ہے۔ منتخب جھانکیاں دنیا بھر کے ناظرین کیلئے سورنم بھارت: وراثت اور وکاس کو اُجاگر کرتے ہوئے بھارت کی متنوع طاقت اور ایک شاندار مستقبل کی جانب آگے بڑھتے ہوئے اُس کی مسلسل ارتقاء پذیر ثقافتی جامعیت کو پیش کریں گی۔×

**DETENTION POLICY SCRAPPED**

مرکزی حکومت نے پانچویں اور آٹھویں جماعت کے طلباء کیلئے No-Detention Policy کو ختم کردیا ہے۔ میڈیا کے افراد سے بات کرتے ہوئے، تعلیم کے سکریٹری سنجے کمار نے کہا کہ پانچویں اور آٹھویں کلاس کے سالانہ امتحان میں ناکام ہونے والے طلباء کو دو مہینے میں دوبارہ امتحان دینے کا موقع دیا جائے گا۔ طلباء کے دوسری مرتبہ بھی امتحان میں ناکام ہونے کے بعد، انہیں پاس نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِن طلباء کو ابتدائی تعلیم مکمل کئے بغیر کسی بھی اسکول سے نکالا نہیں جائے گا۔ سکریٹری موصوف نے مزید کہا کہ بچوں کے سیکھنے کے نتائج کو بہتر بنانے کیلئے یہ فیصلہ لیا گیاہے۔

**JAISHANKAR VISIT**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج سے امریکہ کے چھ روزہ دورے پر رہیں گے۔ اِس دورے کے دوران وہ اہم باہمی، علاقائی اور عالمی معاملات پر اپنے ہم منصبوں سے بات چیت کریں گے۔ وزیر موصوف امریکہ میں بھارتی قونصل جنرل کی ایک کانفرنس کی صدارت بھی کریں گے۔×

**MEA-HASINA**

وزارتِ خارجہ کو، بنگلہ دیش ہائی کمیشن کی جانب سے بنگلہ دیش کی سابق وزیر اعظم شیخ حسینہ کو، ان کے وطن واپس بھیجنے کی درخواست کے سلسلے میں ایک نوٹ موصول ہوا ہے۔ وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا ہے کہ اِس وقت اِس معاملے میں وہ کوئی تبصرہ نہیں کرسکتے۔

بنگلہ دیش کی عبوری حکومت نے، سابق وزیر اعظم شیخ حسینہ کو واپس بھیجنے کیلئے بھارت کو ایک سفارتی نوٹ بھیجا تھا۔ گذشتہ اگست میں بنگلہ دیش کے وزیر اعظم کے عہدے سے ہٹائے جانے کے بعد سے شیخ حسینہ بھارت میں جلا وطنی کی زندگی گزار رہی ہیں۔ x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**YEAR ENDER TRADE PROMTION**

آکاشوانی نیوز ختمِ سال کے خصوصی سلسلے کے تحت سال 2024 کی جھلکیاں پیش کر رہا ہے۔ آج ہم تجارت اور صنعت کی وزارت کی کامیابیوں پر ایک جائزہ پیش کر رہے ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایاہے کہ اس سال صنعت اور داخلی تجارت کے فروغ کے محکمے نے ایک خود کفیل اور عالمی سطح پر مسابقتی بھارت کی تعمیر میں اہم رول ادا کیا ہے۔ محکمے نے پیداوار سے منسلک ترغیبی اسکیم PLI کے تحت اسٹارٹ اپ نظام کو فروغ دینے اور Logistics کو مربوط کرنے نیز غیر ملکی براہِ راست سرمایہ کاری کو بڑھاوا دینے کی خاطر مختلف سنگِ میل طے کیے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V/C Saklen**

*وزارت نے بھارت کے آتم نربھر بننے کے بھارت کے وژن کی سمت میں کئی اقدامات کیے ہیں۔ PLI اسکیموں نے اہم سنگ میل حاصل کیے ہیں، جس میں 12 اعشاریہ 5 لاکھ کروڑ روپے کی پیداوار، چار لاکھ کروڑ روپے کی برآمدات اور 9 لاکھ سے زیادہ افراد کو براہ راست اور بالواسطہ طور پر روزگار فراہم کیاگیا ہے۔ وَن ڈسٹرک-وَن پروڈکٹ ODOP اقدام کے تحت ملک بھر کے 780 سے زائد اضلاع سے ایک ہزار 256 مصنوعات تیار کی گئی ہیں۔ یہ پہل مقامی مصنوعات اور دستکاروں کو فروغ دینے اور مدد کرنے کیلیے اہم کردار ادا کررہی ہے۔ مینوفیکچرنگ کے شعبے میں 69 فیصد کا اضافہ ہوا ہے، جس میں تقریباً 48 فیصد کم از کم ایک خاتون ڈائریکٹر ہیں اور تقریباً 50 فیصد دوسرے اور تیسرے درجے کے شعبوں میں واقع ہیں۔ ان اسٹارٹ اپس نے 16 لاکھ سے زیادہ براہ راست ملازمتیں پیدا کی ہیں۔*

*سمیت ساہا اور ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں ......*

**IMD-WEATHER**

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے آج ہماچل پردیش، جموں وکشمیر، لداخ، پنجاب، ہریانہ اور چنڈی گڑھ کے علاقوں میں سرد لہر کے حالات کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق ساحلی آندھراپردیش، تمل ناڈو، کرائیکل، پڈوچیری اور اڈیشہ میں اگلے دو دن کے دوران ہلکی سے اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے مزید کہا کہ اترپردیش، اڈیشہ، ہماچل پردیش اور راجستھان میں آج دیر رات اور صبح سویرے کے اوقات کے دوران گھنا کُہرا چھائے رہنے کا امکان ہے۔ مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی خطے بہار، آسام، میگھالیہ، منی پور، ناگالینڈ، میزورم اور تریپورہ کے علاقوں میں بھی اگلے دو سے تین روز کے دوران اسی طرح کے حالات رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔

IMD نے مزید کہا کہ اگلے دو روز کے دوران ملک کے شمال مغربی علاقوں کے کم سے کم درجہ حرارت میں بتدریج تقریباً دو ڈگری سیلسیس کی کمی واقع ہوگی۔ وسطی بھارت اور مہاراشٹر کے علاقوں میں اگلے پانچ روز کے دوران کم سے کم درجہ حرارت میں دو سے چار ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہوسکتا ہے۔ IMD نے مزید کہا کہ قومی راجدھانی دلّی اور آس پاس کے علاقوں میں اگلے دو روز کے دوران رات اور صبح اوقات میں دھند چھائے رہنے کا امکان ہے۔x

**J&K WEATHER**

جموں و کشمیر میں اگلے چند روز کے دوران کوئی زیادہ بارش کی پیش گوئی نہیں کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات نے تین جنوری تک کشمیر وادی میں ہلکی برفباری کا امکان ظاہر کیا ہے۔ اگلے تین دن کے دوران کم سے کم درجہ حرارت میں دو سے تین ڈگری سیلسیس کی گراوٹ آنے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔

**HP-WEATHER**

ہماچل پردیش میں بلند مقامات پر رک رک کر برفباری اور کچھ نشیبی علاقوں میں بارش ہو رہی ہے۔ جس سے پوری ریاست میں سردی کا زور بڑھ گیا ہے۔ اِس موسم سے کسانوں کو راحت ملی ہے کیونکہ یہ موسم فصلوں کیلئے سازگار مانا جاتا ہے۔ راجدھانی شملہ میں کَل برفباری کے بعد رات سے رک رک کر بارش ہو رہی ہے۔ برفباری کی وجہ سے دو قومی شاہراہوں سمیت 30 سڑکوں کا راستہ بند ہوگیاہے اور انھیں کھولنے کے لیے کوششیں جاری ہیں۔ x

**UTTARKHAND WEATHER**

اتراکھنڈ میں بلند مقامات پر برفباری ہونے اور نچلے علاقوں میں بارش ہونے کی وجہ سے درجۂ حرارت میں کافی گراوٹ آگئی ہے۔ چمولی، ردر پریاگ، اترکاشی اور ٹہری سمیت ریاست کے اونچائی والے علاقوں میں برفباری ہونے کی اطلاع

ملی ہے۔ موسمیات محکمے نے آج بھی کچھ علاقوں میں بارش اور ہلکی برفباری کی پیش گوئی کی ہے۔x

**DELHI POLLUTION**

قومی راجدھانی دلّی میں ہوا کے معیار کا اشاریہ بدستور خراب زُمرے میں ہے۔ آج صبح دلّی میں ہوا کی کوالٹی AQI کا اشاریہ 401 درج کیا گیا۔ آلودگی کو کنٹرول کرنے سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق دلّی کے بعض علاقوں میں ہوا کی کوالٹی کا اشاریہ 400 کی سطح کو پار کر گیا۔ دلّی کے بوانا میں AQI، 455، روہنی میں 451م آنند وہار میں 422، وزیر پور میں 442، اشوک وہار میں 440، منڈکا میں 463 اور براری میں 435 رکارڈ کیا گیا۔x

**SPORTS ROUND-UP**

کل بھوپال میں 67 ویں قومی نشانے بازی چمپئن شپ میں مردوں کے 10 میٹر ایئر رائفل مقابلے میں شاہو تُشار مانے، نے سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ انہوں نے سینئر زُمرے میں اپنا پہلا خطاب حاصل کیا۔ انہوں نے دھنوش سری کانت کو ہرایا، جنہوں نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ مردوں کے جونیئر کے فائنل میں Rudrankksh پاٹل نے 10 میٹر ایئر رائفل مقابلے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا۔

ویٹ لفٹنگ میں قطر کی راجدھانی دوحہ میں جاری ایشین یوتھ اور جونیئر ویٹ لفٹنگ چمپئن شپ میں کل مردوں کے 81 کلوگرام زمرے میں بھارت کے سائی راج پردیشی نے سونے کا ایک اور چاندی کے دو تمغے حاصل کئے۔ اسی دوران سنجنا نے خواتین کے 75 کلوگرام زمرے میں چاندی کے پانچ تمغے جیتے۔ انہوں نے چاندی کے تین تمغے یوتھ زمرے میں، جبکہ دو تمغے جونیئر زمرے میں حاصل کئے۔

خواتین کرکٹ میں آج وددورہ کے Kotambi اسٹیڈیم میں بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان تین میچوں کی ICC چمپئن شپ سیریز کا دوسرا ایک روزہ بین الاقوامی میچ کھیلا جائے گا۔ یہ میچ دوپہر ڈیڑھ بجے شروع ہوگا۔ اتوار کو اسی مقام پر کھیلے گئے پہلے ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں بھارت نے ویسٹ انڈیز کو 211 رن سے شکست دی تھی۔

بیڈمنٹن میں ایم راگھو نے 86 ویں سینئر قومی بیڈمنٹن چمپئن شپ میں گوہاٹی ماسٹرس کے فاتح ستیش کمار کو ہرایا۔ فائنل میں راگھو کا مقابلہ متھن منجوناتھ سے ہوگا۔x

**GUJRAT MANDAVIYA**

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے مرکزی وزیر منسکھ مانڈویہ آج گجرات کے واڈنگر میں 'مائی بھارت گڈ گورننس پدیاترا' کو جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے۔ 8 کلومیٹر طویل یاترا کا انعقاد سابق وزیراعظم آنجہانی اٹل بہاری واجپئی کا یوم پیدائش منانے

کیلئے کیا جارہا ہے۔ اس موقع پر نوجوانوں کے اُمور اور کھیلوں کی مرکزی وزیرِمملکت **Raksha Khadse** بھی موجود ہوں گی۔ اس پدیاترا میں تقریباً **15** ہزار طلباء کے حصہ لینے کا امکان ہے۔ اس پدیاترا کا انعقاد، بھارت کے آئین کی **75** ویں سالگرہ، ایک سال تک منانے کے حصے کے طور پر کیا جارہا ہے۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ یہ پدیاترا، **12** پدیاتراؤں میں سے ایک ہے، جس کا اہتمام ایک سال میں مرکزی وزیر منسکھ مانڈویہ کریں گے۔ ہر ایک پدیاترا نوجوانوں کی حوصلہ افزائی اور بھارت کے مالا مال ورثے کا جشن منانے کے منفرد موضوع پر مرکوز ہوگی۔ **8** کلومیٹر طویل پدیاترا وزیرِاعظم نریندر مودی کی زندگی سے وابستہ مختلف مقامات کا احاطہ کرتے ہوئے **Tanariri** مندر سے شروع ہوگی اور اسی مقام پر ختم ہوگی۔ پدیاترا کے دوران آنجہانی اٹل بہاری واجپئی کی زندگی اور وراثت کا جشن منانے نیز **2047** تک ترقی یافتہ بھارت بنانے کیلئے آئینی اقدار کی اہمیت پر خصوصی زور دینے کیلئے مخصوص مقامات پر ثقافتی پروگراموں کا بھی انعقاد کیاجائے گا۔x

**NHRC-CHAIRPERSON**

سپریم کورٹ کے ریٹائر جج **V.Ramasubramanian** کو انسانی حقوق کے قومی کمیشن **NHRC** کا نیا چیئرپرسن مقرر کیا گیا ہے۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے اُن کی تقرری کی منظوری دی ہے۔ **Priyank Kanoongo** اور ریٹائرڈ ڈاکٹر جسٹس **Bidyut Ranjan Sarangi** کو انسانی حقوق کے قومی کمیشن کا ممبر مقرر کیا گیا ہے۔

جسٹس **V.Ramasubramanian** کو **23** ستمبر **2019** کو سپریم کورٹ کا جج مقرر کیا گیا تھا اور وہ **29** جون **2023** کو اپنے عہدے سے سبکدوش ہوئے۔ اُن کی یہ تقرری اِس سال یکم جون کو **NHRC** کے چیئرپرسن کے طور پر سپریم کورٹ کے سابق جج ریٹائرڈ جسٹس اَرُون کمار مشرا کی مدت کار پورا ہونے کے کئی مہینوں کے بعد عمل میں آئی ہے۔ جسٹس مشرا کے سبکدوش ہونے کے بعد **Vijaya Bharathi Sayani** کو **NHRC** کا کارگزار چیئرپرسن بنایا گیا تھا۔ **x**

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: **news on air.com slash urdu** پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... اصغرعلی

شکریہ - محمدعمار

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے وزیرِاعظم نریندر مودی کے ہاتھوں نوجوانوں کو **71** ہزار سے زیادہ تقرری نامہ تقسیم کئے جانے کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ روزنامہ ملاپ نے وزیرِاعظم کے اس بیان کو بھی

ذیلی سرخی بنائی ہے کہ حکومت کی پالیسیوں اور فیصلوں کی وجہ سے ملک میں روزگار اور خود روزگار کے نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں۔ روزنامہ ملاپ نے وزیراعظم مودی کو کویت کے اعلیٰ ترین اعزاز ''دی آرڈر آف مبارک الکبیر'' سے نوازے جانے کو بھی نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ بنگلہ دیش کی معزول وزیراعظم شیخ حسینہ کو بنگلہ دیش کے حوالے کئے جانے کی خبر کو بھی روزنامہ راشٹریہ سہارا، ہندوستان ایکسپریس، روزنامہ انقلاب اور پرتاپ نے جلی سرخیوں میں شائع کیا ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا کے مطابق بنگلہ دیش کے حکام نے وزارت خارجہ کو خط لکھا ہے کہ شیخ حسینہ کی حوالگی میں سہولت فراہم کی جائے۔

روزنامہ پرتاپ نے بھارتی سینما کے معروف ہدایت کار شیام بینگل کی وفات کو پہلے صفحے پر جگہ دیتے ہوئے لکھا ہے کہ وہ کافی عرصے سے بیمار تھے اور ممبئی کے برج کینڈی اسپتال میں آخری سانس لی۔ وہ ''انکور'' اور ''زبیدہ'' جیسی فلموں کے علاوہ ''بھارت ایک کھوج'' جیسے سیریل کے ڈائریکٹر بھی تھے۔

اس کے علاوہ : پیلی بھیت میں تین خالصتانی دہشت گردوں کی پولس کے ذریعے ہلاکت۔ - شیئر بازار میں بہتری۔
- درجہ پانچ اور آٹھ کے بچوں کوامتحان میں پاس ہونا لازمی ہوگا۔
- اولمپک میڈل جیتنے والی ٹینس کھلاڑی، پی وی سندھو کے رشتہ ازدواج میں منسلک ہونے جیسی خبروں کو بھی آج کے اردو اخبارات نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے بھارت مخالف تنظیموں اور نیٹ ورک کا پتہ لگانے کی خاطر دوست ملکوں کے ساتھ انٹیلیجنس تال میل کی حکمت عملی تیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

2- آج صارفین کا قومی دن منایا جا رہا ہے۔ مرکزی وزیر پرہلاد جوشی صارفین کے مفادات کے تحفظ کو بڑھاوا دینے کیلئے اہم اقدامات کا آغاز کریں گے۔

3- قومی راجدھانی میں کرتویہ پتھ پر 2025 کی یومِ جمہوریہ پریڈ کیلئے مختلف ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں کی پندرہ جھانکیوں کا انتخاب کیا گیا ہے۔

4- بنگلہ دیش نے بے دخل کی گئی وزیراعظم شیخ حسینہ کو بھارت سے حوالگی کا مطالبہ کیا ہے۔

5- بھوپال میں سینئر قومی نشانے بازی چمپئن شپ میں Shahu Tushar Mane نے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

6- اور : دوحہ میں ایشیائی یوتھ اور جونیئر ویٹ لفٹنگ چمپئن شپ میں بھارت کے سائی راج پردیسی نے سونے کا ایک اور چاندی کے دو تمغے حاصل کیے ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------